2۔ نعت

احسان دانشؔ

خلاصہ

نعت میں شاعر حضرت محمد ﷺ کی تعریف اور توصیف بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ حضور پُر نور، شافع یوم النشور، دو عالم کے امداد گار، امین غمگسار غریبوں کی جان کا سکوں، یتیموں کے دل کا قرار، محبوب پروردگار اور پیغمبر ذی وقار بن کر آئے۔ آپ ﷺ نے وحشت و بربریت میں پڑی انسانیت کو اصولِ محبت کا پیغام دیا، جہالت کی تاریکی میں بھٹکتی انسانیت کو ہدایت کے نور سے منوّر کیا۔ زمانے کو منزل مبارک ہو، اُن کی دائمی کامیابی، ابدی فلاح اور اخروی نجات کے لئے نبی محتشم، ہم نور مجسم ﷺ ہدایت جاوداں اور مقدس قرآن لے کر آئے۔ آپ ﷺ کو اللہ تعالی نے دونوں جہاں کیلیئے رحمت بنا کر بھیجا آپ کی تشریف آوری اللہ کا ہم پر خصوصی انعام ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات رہتی دنیا تک ہماری رہنمائی کرتی رہیں گی۔ آپ ﷺ کا اخلاق بے مثال ہے۔

مشق

1-سوالات کے مختصر جوابات

(الف) نعت کے پہلے شعر میں حضور ﷺ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

جواب: اِمداد گار، غمگسار، امین۔

(ب) دوسرے شعر کے مطابق کس کو سکون ملا ہے؟

جواب: غربا کی جان اور یتیموں کے دل کو سکون ملا ہے۔

(ج) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: انسان کو انسان کی پہچان اور قدر ہو گی اور انسانیت کا پتا چلے گا۔

(د) شاعری کے نزدیک حضور ﷺ کا پیغام کیا ہے؟

جواب: اصول محبت۔

(ہ) نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟

جواب: رسول پاک ﷺ

3-متن کی روشنی میں درست جواب پر نشان لگائیں۔

(الف) یہ نعت کس شاعر کی ہدیہ عقیدت ہے؟

(الف) حفیظ جالندھری (ب) حفیظ تائب (ج) ✓ احسان دانش (د) ماہر القادری

(ب) متن کے مطابق محبوبِ پروردگار کا پیغام کیا ہے؟

(الف) ✓ اصولِ محبت (ب) غمگساری و غریب نوازی (ج) امانت داری (د) یہ سب ہیں

(ج) اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟

(الف) خدا تعالیٰ کا (ب) انسان کا (ج) کائنات کا (د) ✓ ان سب کا

(د) زمانے کو منزل کے مبارک ہونے کی نوید کیوں دی گئی ہے؟

(الف) کامل رہنما کے آنے سے (ب) ✓ اِک خِضرِ صدرہ گزار کی آمد کی وجہ سے (ج) انسان کا عرفان ہونے سے (د) کسی کی بھی نہیں

(ہ) پیغمبرِ ذی وقار کے چراغِ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

(الف) روشن تر ہوگا (ب) ہمیشہ روشن رہے گا (ج) ✓ کبھی نہیں بجھے گا (د) یہ سب درست ہیں

3- درجِ ذیل الفاظ پر اعراب لگائیں۔

عَالم، سُکُوں، عِرفَان، مُحَبّتُ، منزِلُ

4- الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

غم گسار، قرار، یقین، پیغام، ذی وقار

جواب:

الفاظ	جملے
غمگسار	رسول پاکؐ غم گُسار انسان تھے۔
قرار	رسول پاکؐ کے آنے سے یتیموں کے دلوں کو قرار ملا۔
یقین	مجھے یقین ہے کہ تم میرا ساتھ دوگے۔
پیغام	حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کا پیغام لے کر آئے۔
ذی وقار	رسول پاکؐ ذی وقار پیغمبر ہیں۔

5- درجِ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔

اصول، اعتبار، چراغ، عرفان، راہ گزار

جواب:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اصول	قاعدہ	اعتبار	بھروسا
چراغ	شمع	عرفان	پہچان

راہ گزار	راستہ عبور کروانے والا

6- مناسب لفظ چُن کر مصرعے مکمل کریں۔

(الف) بُجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت

(ب) سکوں ہو گیا ہے قرار آگیا ہے

(ج) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا

(د) زمانے کو اب اپنی منزل مبارک

7- نعت کے متن کو مد نظر رکھ کر کالم (الف) میں دیئے گئے الفاظ کو کالم (ب) کے متعلقہ الفاظ سے ملائیے۔

کالم (الف)	کالم (ب)
امداد گار	غم گُسار
اصول محبت	پیغام
یقیں	اعتبار
خضر	رہ گزار
انساں	عرفان

کثیر الانتخابی سوالات

درست جوابات کی نشاندہی کریں:

1- احسان دانش پیدا ہوئے:

(الف) 1910ء میں (ب) 1914ء میں (ج) 1918ء میں (د) 1920ء میں

2- احسان دانش فوت ہوئے:

(الف) 1980ء میں (ب) 1981ء میں (ج) 1982ء میں (د) 1983ء میں

3- احسان دانش کا اصل نام تھا:

(الف) احسان الحق (ب) احسنان الحق (ج) الحسان (د) احسان امین

4- احسان دانش شاعر تھے:

(الف) منفرد (ب) صاحبِ اسلوب (ج) قادر الکلام (د) پسماندہ

5- احسان دانش کو کہا جاتا ہے:

(الف) مزدور شاعر (ب) مجبور شاعر (ج) ان پڑھ شاعر (د) روسی شاعر

6-احسان دانش کی سوانح عمری مشہور ہے:

(الف)جہان دانش (ب)جہانِ حیرت (ج)شہاب نامہ (د)فاتح

7-دوعالم کا آگیا:

(الف)ہادی (ب)مددگار (ج)امدادگار (د)رہبر

8-امین آگیا، آگیا ہے:

(الف)غمگسار (ب)ہمدرد (ج)دردمند (د)امدادگار

9-غریبوں کی جاں کو یتیموں کے:

(الف)ماں کو (ب)دل کو (ج)باپ کو (د)دادا کو

10-اصولِ محبت ہے جس کا:

(الف)پیغام (ب)پیام (ج)اصول (د)منشور

11-اب انسان کو انسان کا ہوگا:

(الف)عرفان (ب)پہچان (ج)احترام (د)تعارف

12- بجھے گا نہ جس کا:

(الف)اصولِ محبت (ب)چراغ محبت (ج)شمع رسالت (د)حوضِ کوثر

13-زمانے کو اب اپنی مبارک:

(الف)منزل (ب)ہئیت (ج)حقیقت (د)اصلاح

14-کہ اک صدرہ گزار آگیا ہے:

(الف)پیغمبر (ب)خضر (ج)مددگار (د)ہمدرد

15-وہ پیغمبر آگیا ہے:

(الف)ذی وقار (ب)سیدالانبیاءؐ (ج)امام الانبیاءؐ (د)سرورِ کونینؐ

16-یقیں ہوگیا، آگیا ہے:

(الف)بھروسا (ب)توکل (ج)اعتبار (د)یقین

17-وہ محبوبؐ آگیا ہے:

(الف)پروردگار (ب)خدا (ج)اللہ تعالیٰ (د)یزداں

18-شامل نصاب نعت جس انتخاب جلد پنجم سے لی گئی اس کے مؤلف ہیں:

(الف)احسان دانشؔ (ب)عبدالغفور قمر (ج)پروفیسر عزیم احمد (د)پروفیسر نعیم

19-احسان دانشؔ کی شاعری مشرقی اقدار کی ہے:

(الف)آئینہ دار (ب)عکاس (ج)ترجمان (د)مترجم

جوابات:

1-ب	2-ج	3-الف	4-ج	5-الف
6-الف	7-ج	8-الف	9-ب	10-الف
11-الف	12-ب	13-الف	14-ب	15-الف
16-ج	17-الف	18-ب	19-الف	